علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

کلیہ عربی و علوم اسلامیہ

(شعبہ سیرت سٹڈیز)

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ:

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہوسکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری Plagiarism" پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: شمائل رسول ﷺ (3905) **سمسٹر: بہار، 2026ء**

سطح: بی ایس علوم اسلامیہ (تخصص سیرت سٹڈیز)

ہدایت نامہ برائے طلبہ

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے

1- تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2- سوالات کو توجہ سے پڑھیئے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجئے۔

3- ہاتھ سے تحریر شدہ سکین (Scanned) امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی، صرف اردو اور عربی میں اپنی مشقیں حل کرنے والے طلبہ اپنے ہاتھ سے لکھی ہوئی مشق سکین کر کے اپنے LMS پورٹل پر اپ لوڈ کر سکتے ہیں، فائل کا زیادہ سے زیادہ سائز 5MB ہونا چاہیے۔

4- ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (Word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اَپ لوڈ کریں۔

5- مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اَپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس کی تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

6- آپ کے تجرباتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7- غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجئے۔

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

امتحانی مشق نمبر1

(یونٹ:1-4)

سوال نمبر1- رسول اللہ ﷺ کے بارے میں حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہ کا بیان تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر2-رسول اللہ ﷺ کے پسندیدہ رنگ کون سے تھے؟واقعات کی روشنی میں تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر3-رسول اللہ ﷺ کے کھانے پینے کے معمولات پر مضمون تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر4-رسول اللہ ﷺ کیسا لباس پسند فرماتے تھے اور آپ ﷺ کے لباس کی خصوصیات کیا تھیں؟ مضمون تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر5-رسول اللہ ﷺ کی عبادات کے احوال تحریر کریں۔ (20)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

امتحانی مشق نمبر2

(یونٹ:5-9)

سوال نمبر1۔رسول اللہ ﷺ کے تبسم کے دو واقعات تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر2۔مزاح سے متعلق رسول اللہ ﷺ کے دو واقعات تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر3۔کیا خواب میں رسول اللہ ﷺ کی زیارت ہو سکتی ہے؟رسول اللہ ﷺ کے فرمودات کی روشنی میں تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر4۔خواب میں رسول اللہ ﷺ کی زیارت پر مضمون لکھیں۔ (20)

سوال نمبر5-وصال کے وقت رسول اللہ ﷺ نے کیا نصیحتیں فرمائیں؟مختصر مضمون تحریر کریں۔ (20)